نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آبپاش علاقوں میں گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار بارے سفارشات جاری کردیں۔

لاہور:28 اکتوبر2025(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آبپاش علاقوں میں گندم کے کاشتکار یکم نومبر تا20 نومبر کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج 40 تا45 کلوگرام فی ایکڑ استعمال کریں۔تصدیق شدہ بیج کے استعمال سے 20 فیصد پیداوار تک یقینی اضافہ ممکن ہوتا ہے۔آبپاش علاقہ جات کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ اقسام سویرا24 ،فلک 24 ،چمپئین ،عروج22 ،نشان 21 ،دلکش20 ،سبحانی21 ،ایم ایچ21 ،ڈیورم 2021 ،صادق21 ،نواب 21 ،این اے آر سی سپر،اکبر19 ،بھکرسٹار19 ،غازی19 ،رہبر21 ،فخر بھکر17 ،اناج 17 ،اُجالا16 ،زنکول16 ،بورلاگ16 ،جوہر16 ،فیصل آباد2008 ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ گندم کی کاشت ربیع ڈرل کے ذریعے کریں۔دھان کے وڈھ میں گندم کی بوائی ترجیحاً سپر سیڈر سے کریں جبکہ کپاس کے وڈھ میں روٹاویٹر چلا کر زمین بھربھری کرلیں۔بیج کے اُگاؤ کی شرح85 فیصد سے زائد ہونی چاہیے۔

☆☆☆☆